# بچوں کے لیے رسائی کا واحد مقام

بچوں کے لیے رسائی کا واحد مقام (Children's Single Point of Access, CSPOA) ایک ریفرل سسٹم ہے جو بچوں اور نوجوانوں کو نیویارک سٹی میں ذہنی صحت کی مختلف خدمات کے ساتھ منسلک کرتا ہے۔



اہل ہونے کے لیے، آپ کے بچے کے لیے لازمی ہے کہ:

- اس کی عمر 22 سال سے کم ہو
- اسے کوئی سنگین جذباتی مسئلہ لاحق ہو۔ یہ ذہنی صحت کی کوئی بھی ایسی تشخیص شدہ حالت ہے جو اس کے روزمرہ کے کام کاج کو متاثر کرتی ہے۔ اس کی کچھ مثالیں یہ ہیں:
  - توجہ کی کمی اور حد سے زیادہ متحرک رہنے کا عارضہ (Attention deficit hyperactivity disorder, ADHD)
  - صدمے کے بعد ذہنی تناؤ کا عارضہ (Post-traumatic stress disorder, PTSD)
  - عمومی اضطراب کا عارضہ
  - شدید افسردگی کا عارضہ (ڈپریشن)

CSPOA آپ کو درج ذیل کے ساتھ منسلک کر سکتا ہے:

- کمیونٹی پر مبنی خدمات، جو آپ کے گھر یا آپ کی کمیونٹی کے کسی دوسرے مقام پر فراہم کی جاتی ہیں، اور جو آپ کی اور آپ کے بچے کی ضروریات پوری کرنے میں معاونت کرتی ہیں
- رہائشی خدمات، جو بچوں کو قیام کی جگہ فراہم کرتی ہیں تاکہ وہ اسی مقام پر رہتے ہوئے ذہنی صحت کی جامع خدمات حاصل کر سکیں

CSPOA کے ذریعے دستیاب پروگراموں اور درخواست دینے کے طریقے کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، **nyc.gov/youth-mh-referral** ملاحظہ کریں یا QR کوڈ اسکین کریں۔

CSPOA کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، 347-396-7205 پر کال کریں یا **cspoa@health.nyc.gov** پر ای میل کریں۔

اگر آپ کا بچہ ذہنی صحت کے بحران سے گزر رہا ہے، تو کسی بھی وقت **988** پر کال یا ٹیکسٹ کریں یا **nyc.gov/988** پر چیٹ کریں۔ مدد 200 سے زیادہ زبانوں میں دستیاب ہے۔

NYC Health